پیچھے عورت کا پست آواز میں آمین پکارنا، عورتوں کی آخری صف کا عورتوں کی اگلی صف سے بہتر ہونا، اور دورانِ حیض چھوٹنے والی نمازوں کی عورتوں پر کوئی قضاء نہ ہونا وغیرہ معاملات میں جو تفریق مرد و عورت کے درمیان احادیثِ نبویؐ سے ثابت ہے، وہ اپنی جگہ قطعی درست، صحیح اور تسلیم ہے چنانچہ ان تمام تفریقاتِ منصوصہ کو مروجہ تفریقاتِ غیر منصوصہ کے لیے ہرگز دلیل نہیں بنایا جاسکتا۔ ھٰذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب!

شعروادب

نعت

جناب فضلؔ ابرالوی

احسانِ کردگار ہے بعثت رسولؐ کی
ہے بے مثال رشد و ہدایت رسولؐ کی

لوحِ جہاں پہ ثبت ہے عظمت رسولؐ کی
ہے جاگزیں دلوں میں صداقت رسولؐ کی

تسخیرِ کائنات محبت رسولؐ کی
مرغوبِ شش جہات ہے سیرت رسولؐ کی

رخشندہ آفتاب نبوت رسولؐ کی
بے مثل ہے جہاں میں قیادت رسولؐ کی

مضمر اسی میں پختگیٔ ایماں کا راز ہے
بڑھ کر ہو مال و جاں سے محبت رسولؐ کی

نظارۂ جمال کی خاطر ہوں مضطرب
ہو جائے خواب ہی میں زیارت رسولؐ کی

وعدہؔ کیا خدا نے کہ بیشک کریں گے ہم
لوگوں کے شر سے خود ہی حفاظت رسولؐ کی

یارب دعا یہی ہے کہ میدانِ حشر میں
حاصل ہو فضلؔ کو بھی شفاعت رسولؐ کی

لہ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ۔